## ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کا زخم زندگی بھرنہیں مٹ سکتا،الطاف حسین

## ہمارا عزم ہے کہ ہم ڈاکٹرعمران فاروق شہید کالہورائیگاں نہیں جانے دیں گے

## اس قسم کے بزدلانہ ہتھکنڈوں سے ایم کیوایم کے رہنماؤں اور کارکنوں کے حوصلے پست نہیں کئے جاسکتے

## کارکنان کے علاوہ دیگر سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماء وکارکنان اورعوام بھی ڈاکٹرعمران فاروق کے سفاکانہ قتل پر مغموم ہیں

## ایم کیوایم کے رہنماؤں اورکارکنوں کا فرض ہے کہ ڈاکٹرعمران فاروق کے قتل کی تحقیقات میں تحقیقاتی اداروں کی معاونت کریں

## انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ذمہ داران اورکارکنان کے تعزیتی اجلاس سے بات چیت

لندن۔۔۔19،ستمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کا زخم زندگی بھرنہیں مٹ سکتا لیکن ہمارا عزم ہے کہ ہم ڈاکٹرعمران فاروق شہید کالہورائیگاں نہیں جانے دیں گے اوراس قسم کے بزدلانہ ہتھکنڈوں سے ایم کیوایم کے رہنماؤں اورکارکنوں کے حوصلے پست نہیں کئے جاسکتے ۔یہ بات انہوں نے اتوار کے روزایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیوایم کے ذمہ داران اورکارکنان کے تعزیتی اجلاس سے بات چیت کرتے ہوئے کہی ۔اس موقع پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ،انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے اراکین ،ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے ذمہ داران اورکارکنان بھی موجود تھے ۔اجلاس سے گفتگوکرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کا بہیمانہ قتل مجھ سمیت تمام تحریکی ساتھیوں کیلئے ایسا گہرا صدمہ اورزخم ہے جوزندگی بھرنہیں مٹ سکے گا۔انہوں نے کہا کہ برطانیہ کے تحقیقاتی ادارے ڈاکٹرعمران فاروق کے قتل کی تحقیقات کررہے ہیں اور ہمارا فرض ہے کہ ہم تحقیقاتی اداروں کی معاونت کریں ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا ایک ایک کارکن اور ہمدردہی نہیں بلکہ دردمند دل رکھنے والے دیگر سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماء وکارکنان اورعوام بھی نہ صرف ڈاکٹرعمران فاروق کے سفاکانہ قتل پرانتہائی مغموم ہیں بلکہ کھل کرمذمت بھی کررہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ڈاکٹرعمران فاروق کے قتل کی سازش کرنے والوں سے اللہ تعالیٰ خوب واقف ہے اور ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ غیب سے ہماری مددکرے اورہمیں ایسے راستے دکھائے کہ ہم ڈاکٹرعمران فاروق کے سفاک قاتلوں اورقتل کے پس پردہ سازشی عناصرتک پہنچ سکیں ۔انہوں نے کہا کہ ہم آج کے دن اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ اس قسم کے بزدلانہ،سفاکانہ اورظالمانہ ہتھکنڈوں سے ایم کیوایم کے رہنماؤں اورکارکنوں کے حوصلے پست نہیں کئے جاسکتے ۔ایم کیوایم کے کارکنان نے تحریک کے ہزاروں شہداء کا پاس رکھا ہے اورتحریک کے مخلص اور پرعزم رہنماء ڈاکٹرعمران فاروق شہید کالہورائیگاں نہیں جانے دیں گے ۔اجلاس میں ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے بلنددرجات ،شہید کی بیوہ ،بچوں،والدین اور بہن بھائیوں سمیت تمام سوگوارلواحقین کیلئے صبرجمیل کی دعا کی گئی ۔

## وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک کی قائدتحریک الطاف حسین سے ٹیلیفون پرایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے سانحہ پرتعزیت کی

## ڈاکٹرعمران فاروق ایک بڑے رہنمااورشریف النفس انسان تھے اوران کے قتل پرسب کوبہت افسوس ہے۔رحمٰن ملک

## ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کا سانحہ ایم کیوایم کیلئے ایک ایسا نقصان ہے جس کی تلافی کبھی نہیں ہوسکتی۔الطاف حسین

## انشاءاللہ ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے قاتل قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔19،ستمبر2010ء

وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک نے آج متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے ٹیلیفون پرایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے سانحہ پرتعزیت کی ۔وزیرداخلہ رحمٰن ملک نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ ڈاکٹرعمران فاروق ملک کے ایک بڑے رہنمااورشریف النفس انسان تھے اوران کے قتل پرہم سب کوبہت افسوس ہے ۔انہوں نے صدر،وزیراعظم اور پوری حکومت کی جانب سے اس سانحہ پرجناب الطاف حسین اورایم کیوایم کی پوری قیادت اورکارکنان سے دلی تعزیت کا اظہار کیا اورڈاکٹرعمران فاروق شہید کے لئے دعائے مغفرت کی ۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کا سانحہ ایم کیوایم کیلئے ایک ایسا نقصان ہے جس کی تلافی کبھی نہیں ہوسکتی۔انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے قاتل قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکیں گے ۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کا لندن کے علاقے ایجویئر میں ایم کیوایم کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق شہید کی جائے شہادت کا دورہ جائے شہادت پرایم کیوایم کے قائد الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کی جانب سے پھول رکھے

لندن۔۔۔19 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے آج لندن کے علاقے ایجویئر (Edgware) میں ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی جائے شہادت کا دورہ کیا اور وہاں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کی جانب سے پھول رکھے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے المناک سانحہ کے سوگ میں کچھ دیر کی خاموشی اختیار کی،شہید کنوینر کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی اور انہیں زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

## ڈاکٹرعمران فاروق شہید بااصول،مخلص سیاستدان تھےملک کی سیاسی تاریخ میں ان کا نام ہمیشہ یادرکھا جائے گا،چوہدری شجاعت پاکستان مسلم لیگ(ق)کے دیگر رہنماؤں کے ہمراہ ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کا تعزیتی دورہ،میڈیا سے گفتگو

کراچی(اسٹاف رپورٹر)

پاکستان مسلم لیگ(ق)کے سربراہ چوہدری شجاعت نے اتوار کی دوپہر ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کا تعزیتی دورہ کیا اس موقع پر ان کے ہمراہ دیگر کے علاوہ سینئر رہنما مشاہد حسین سید،غوث بخش مہر،علیم عادل شیخ،حلیم عادل شیخ اور بابر خان بھی تھے وہ کچھ دیر تک نائن زیرو پر رہے اور متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار،ارکان رابطہ کمیٹی محترمہ نسرین جلیل،سیف یار خان،حق پرست وفاقی وزیر بابر خان غوری اور قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر رحید ررضوی سے ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی المناک شہادت پر اپنے گہرے افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا اور ان کی مغفرت کیلئے دعا کی۔بعدازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے چوہدری شجاعت نے کہا کہ آج ہم یہاں ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر اظہار تعزیت اور افسوس کیلئے آئے ہیں وہ ایک دوست نواز اور مخلص سیاستدان تھے جب ہماری ان سے پہلی ملاقات ہوئی تو ہم نے انہیں کم گولیکن ایک بااصول سیاستدان پایا یہ خواص بہت کم لوگوں میں پائے جاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرعمران فاروق کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی اور ملک کی سیاسی تاریخ میں ان کا نام ہمیشہ یادرکھا جائے گا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے چوہدری شجاعت اور مسلم لیگ کے دیگر رہنماؤں کی نائن زیرو آمد اور ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کے سلسلے میں تعزیت کیلئے آنے پر ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے آج یہاں آکر نہ صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین،شہید ڈاکٹرعمران فاروق کے اہل خانہ اور بیوہ شمائلہ سے اظہار تعزیت اور ہمدردی کر کے اپنی یکجہتی کا اظہار بھی کیا ہے یہی وہ زندہ روایت ہے جو ہمارے معاشرے کو آگے بڑاتی ہے اور سیاست کو مضبوط کرتی ہے اسی جذبے کی مختلف شعبہ ہائے زندگی میں بھی ضرورت ہے خواہ سیاسی نظریات کتنے ہی الگ کیوں نہ ہوں ہم سب کو مل کر کام کرنا چاہیئے یہ ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ہم ایک شدید صدمے سے گزر رہے ہیں،ہمارے ساتھ ایک بڑا سانحہ ہوا ہے جو نہیں ہونا چاہئے تھا یہ سانحہ لندن جیسے شہر میں ناقابل یقین ہے تاہم ہمیں تحقیقاتی رپورٹ آنے تک قیاس آرائیوں سے پرہیز کرنا چاہیئے اور جب شہید ڈاکٹرعمران فاروق کا جسد خاکی اہل خانہ کے حوالے کردیا جائے گا تو پھر ہم عوام کو بتائیں گے کہ ان کی تدفین کب اور کہاں ہوگی۔انہوں نے کہا کہ چوہدری شجاعت ہر خوشی اور غم کے موقع پر نائن زیرو آتے رہے ہیں ڈاکٹر فاروق ستار نے میڈیا کا بھی ان کی آمد پر شکریہ ادا کیا۔

## آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے نمائندہ وفد کا نائن زیرو پر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر گہرے افسوس اور تعزیت کا اظہار

کراچی۔۔۔19 ستمبر 2010ء

آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کے ایک نمائندہ وفد نے اعزازی سیکریٹری احمد شاہ کی سربراہی میں گزشتہ شب متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو کا تعزیتی دورہ کیا۔وفد میں سینئر صحافی اور ممتاز کالم نگار فراز زیدی اور ممتاز شاعر سحر انصاری کے علاوہ آرٹس کونسل کے صدر پروفیسر اعجاز فاروقی بھی شامل تھے۔وفد نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار،قومی اسمبلی اور سندھ اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر رحیدر عباس رضوی اور فیصل سبزواری سے ملاقات کی اور ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر اپنے گہرے افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا۔احمد شاہ نے شہید کی مغفرت کیلئے دعا کرائی۔دریں پاکستان فلم اینڈ ٹی وی جرنلسٹس کے عہدیداروں کے وفد نے بھی اسی روز اطہر جاوید صوفی کی قیادت میں نائن زیرو پر ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر اپنے وفد کی جانب سے تعزیت کی۔

## ایم کیوایم کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق شہید کے ایصال ثواب کیلئے لندن میں قرآن خوانی کا سلسلہ جاری

## انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پاکستان سمیت دنیا بھر سے ٹیلی فون پرتعزیتی پیغامات

## ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت بہت بڑا سانحہ ہے، وفود کے تاثرات

لندن۔۔۔19، ستمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق کے بہیمانہ قتل کے خلاف پاکستان سمیت دنیا بھر میں ایم کیوایم کے تحت دس روزہ سوگ کے سلسلے میں ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں بھی قرآن خوانی کا سلسلہ جاری ہے۔اتوار کے روزبھی ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں قرآن خوانی کی گئی جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، برطانیہ میں ایم کیوایم کے مختلف یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اوران کے اہل خانہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی اورڈاکٹرعمران فاروق شہید کوخراج عقیدت پیش کیا۔

دریں اثناء اتوار کے روزبھی مختلف سیاسی وسماجی شخصیات، ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں نے پاکستان سمیت دنیا بھر سے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن ٹیلی فون کرکے ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہارکیا اورایم کیوایم کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت پر قائدتحریک جناب الطاف حسین سمیت تمام سوگواران سے دلی تعزیت کی۔ ٹیلی فون پرتعزیت کرنے والوں میں سابق صدر پرویزمشرف، سابق وزیراعظم شوکت عزیز، سینئرصوبائی وزیرسندھ پیرمظہرالحق، پاکستان پیپلزپارٹی کی سینٹرل کمیٹی کے رکن ڈاکٹراسرارشاہ، ائرمارشل اصغرخان، احمد رضاقصوری، معروف شاعروکالم نگارجمیل الدین عالی نیشنل پیپلزپارٹی کے راجہ جاوید، حنیف گورایا، سابق کرکٹرسرفرازنواز، محترمہ عفت صدیقی اورمعروف فنکارعمرشریف شامل ہیں۔

علاوہ ازیں برطانیہ میں مقیم ایم کیوایم کے کارکنان، ہمدردوں اورزندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد پرمشتمل وفودکا ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں تعزیت کے سلسلے میں آمد جاری ہے۔تعزیت کرنے والوں نے ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت کو بہت بڑا سانحہ قرار دیتے ہوئے قتل کی واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ڈاکٹرعمران فاروق شہید کواپنی جواررحمت میں اعلیٰ ترین مقام عطافرمائے اورسفاک قاتلوں کوکیفرکردارتک پہنچائے۔

## ایم کیوایم کراچی کے سیکٹرز کے زیراہتمام ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی مغفرت اور بلنددرجات کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات کاانعقاد

## اجتماعات میں حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، سینیٹرز، سابق ٹاؤن ناظمین، ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں نے بڑی تعداد میں شرکت

## ڈاکٹرعمران فاروق شہید کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا، ایصال ثواب کیلئے ہزاروں قرآن شریف پڑھے گئے، لاکھوں مرتبہ قرآنی آیات کاوردکیا گیا

کراچی۔۔۔20/ستمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینرڈاکٹرعمران فاروق شہید کی روح کے ایصال ثواب کے لئے ایم کیوایم کے تحت کراچی میں ایم کیوایم کے سیکٹرزآفسز میں قرآن خوانی اورفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے اورشہید کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔تفصیلات کے مطابق ڈاکٹرعمران فاروق شہید کی رہائشگاہ کے علاوہ ایم کیوایم لیاقت آباد، برنس روڈ، محمود آباد، سوسائٹی، پاک کالونی، کورنگی، رنچھولائن، نیوکراچی، لائنز ایریا، فیڈرل بی ایریا، ملیر، بلدیہ، شاہ فیصل، ڈیفنس، قصبہ علیگڑھ، اورنگی ٹاؤن، نارتھ کراچی اور ناظم آباد گلبہارسیکٹرز میں ڈاکٹرعمران فاروق شہید کیلئے قرآن وفاتحہ خوانی کے اجتماعات منعقد کئے گئے ہیں جن میں ہزاروں قرآن شریف پڑھے گئے جبکہ لاکھوں مرتبہ سورۃ یٰسین، سورۃ مزمل، سورۃ ملک، سورۃ اخلاص، سورۃ فاتحہ، سورۃ واقعہ،، سورۃ بقرہ، سورۃ رحمٰن، عہدنامہ، آیت کریمہ، آیت الکرسی، یاسلام، کلمہٗ طیبہ اوردرودشریف کے ورد کئے گئے۔قرآن خوانی کے اجتماعات میں حق پرست ارکان قومی وصوبائی، سینیٹرز، سابقہ حق پرست ٹاؤن ناظمین ونائب ناظمین،، ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان، مارکٹس ایسوسی ایشن، فلیٹ ایسوسی ایشن، انجمن تاجران، تاجراتحاد، کراچی الیکٹرونکس ڈیلرایسوسی ایشن، ریمبومارکیٹ کے صدر، اہلسنت جماعت کے ارکان، ہمدردعوام خصوصاً بزرگ، نوجوانوں اورخواتین نے بہت بڑی تعداد نے شرکت کی۔ بعدازاں اجتماعات میں ڈاکٹرعمران فاروق شہید کے بلنددرجات، قائدتحریک جناب الطاف حسین، ایم کیوایم کے ذمہ داران، کارکنان سمیت شہید کے سوگوار والدین اورعزیزواقارب کے لئے صبرجمیل کی دعائیں کی گئیں۔قرآن خوانی کے اجتماعات میں شرکت کرنے والی شخصیات نے اپنے جذبات کااظہارکرتے ہوئے کہا کہ ڈاکٹرعمران فاروق کی شہادت بڑاسانحہ ہے اوراس میں دکھ اورغم کی اس گھڑی میں ہم سب قائدتحریک جناب الطاف حسین اورایم کیوایم کے کارکنان کے ساتھ ہیں۔

## ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر تعزیت کا سلسلہ تیسرے روز بھی جاری رہا
## پروفیسر این ڈی خان، محترمہ راحیلہ ٹوانہ، مظفر علی شجرہ، امیر مینگل، آرٹس کونسل کراچی کی مجلس شوریٰ،
## علمائے کرام اور اقلیتی برادری کے وفود کی رابطہ کمیٹی سے تعزیتی ملاقاتیں، شہید کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی

کراچی۔۔۔19 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی رہائشگاہ نائن زیرو پر مختلف سیاسی، مذہبی، سماجی، ادبی اور صحافتی شخصیات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی جانب سے ایم کیوایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی لندن میں المناک شہادت پر تعزیت کا سلسلہ منگل کو تیسرے روز بھی جاری رہا اور اس سلسلے میں پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنماء پروفیسر این ڈی خان، سابق ڈپٹی اسپیکر سندھ اسمبلی محترمہ راحیلہ ٹوانہ، صوبائی مشیر جیل خانہ جات سندھ مظفر علی شجرہ، وزیراعلیٰ بلوچستان کے مشیر امیر مینگل، سید فواد شاہ سابق ضلعی ناظم جاموٹ ٹیاری، آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کی مجلس شوریٰ کے نمائندگان، جامعہ بنوری ٹاؤن کے مفتی نعیم، مولانا اسد تھانوی، پنجابی قومی تحریک کے رہنماء ڈاکٹر یوسف سلیم، سینئر صحافی و روزنامہ امن کے مدیر اعلیٰ اجمل دہلوی اور ہندو اقلیتی برادری کے پنڈت رام ناتھ مہاراج سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے وفود کی شکل میں نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل، سیف یار خان، اشفاق منگی، یوسف شاہوانی، شاکر علی، گلفراز خان سمیت حق پرست منتخب عوامی نمائندوں سے مختلف اوقات میں ملاقاتیں کیں اور متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے قتل کو بڑا سانحہ قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ جس کسی نے بھی یہ ظلم کیا ہے وہ قانون کی گرفت سے بچ نہیں سکتا۔ انہوں نے برطانوی حکومت سے مطالبہ کیا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے۔ وفود نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی مغفرت، ان کے درجات بلندی، قائد تحریک الطاف حسین سمیت تمام سوگواران کیلئے صبر وجمیل اور قائد تحریک الطاف حسین کی سلامتی اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔ اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین اور حق پرست منتخب نمائندوں نے ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر تعزیت کیلئے آنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین اور اپنی جانب سے شکریہ ادا کیا

## ایم کیوایم میرپورخاص سیکٹر کوٹ غلام محمد کے سابق سیکٹر انچارج جمیل احمد قائمخانی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔19 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم میرپورخاص زون سیکٹر کوٹ غلام محمد کے سابق سیکٹر انچارج جمیل احمد قائم خانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیوایم میرپورخاص زون سیکٹر کوٹ غلام محمد کے سابق سیکٹر انچارج جمیل احمد قائم خانی انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔19، ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص زون سیکٹر کوٹ غلام محمد کے سابق سیکٹر انچارج جمیل احمد قائم خانی علالت کے باعث انتقال کر گئے۔ مرحوم کی عمر 40 سال تھی اور ہیپاٹائٹس اور شوگر کے عارضے کے باعث کراچی کے مقامی اسپتال میں زیر علاج تھے، مرحوم کی طبیعت میں کچھ بہتری آئی تھی اور انہیں ڈاکٹروں کی ہدایت پر دو دن کی چھٹی پر گھر لیجایا جارہا تھا کہ راستے میں ان کی طبیعت بگڑ گئی اور وہ انتقال کر گئے۔ جمیل احمد قائم خانی مرحوم کے سوگواران میں ایک بھائی، دو بہنیں اور بیوہ شامل ہیں۔ مرحوم کو کوٹ غلام محمد کے ریلوے اسٹیشن کے قریب واقع قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔ نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی، ایم کیوایم میرپورخاص زونل کمیٹی کے اراکین، سیکٹر و یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم میرپورخاص زون سیکٹر کوٹ غلام محمد کے سابق سیکٹر انچارج جمیل احمد قائم خانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

☆☆☆☆☆☆